© rasailojaraid.com

تبصرے

Pilgrimage of Eternity (جاوید نامہ اقبال کا منظوم انگریزی ترجمہ) از جناب شیخ محمود احمد تنظیم کلاں ضخامت ۸۵ صفحات ٹائپ اور کاغذ اعلیٰ۔ پتہ فنی ٹیوٹ آف اسلامک کلچر کلب روڈ۔ لاہور (مغربی پاکستان)

جاوید نامہ ڈاکٹر سر محمد اقبالؒ کی تصنیفات میں شاہکار کی حیثیت رکھتا ہے جس میں مرحوم کی تخیلانہ شاعری پورے اوجِ شباب پر ہے اور اُس میں اُن کی پختہ افکار کی روح مستتر ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اس کا ہی منظوم انگریزی ترجمہ ہے۔ اول تو کسی ایک مضمون کا کسی ایک زبان سے دوسری زبان میں اس طرح ترجمہ کرنا کہ مضمون کی اصل روح اور اس کا مفہوم ظاہری و معنوی خوبیوں کے ساتھ مکمل طور پر برقرار رہے ویسے ہی جوئے شیر لانے سے کم نہیں ہے اور پھر ایک نہایت بلند پایہ حکیم و فیلسوف شاعر کے افکار کو کسی زبان میں منتقل کرنا اور وہ بھی نظم میں کارے دارد کا مصداق ہے لیکن جسٹس ایس اے رحمٰن کے بقول جنھوں نے کتاب کا پیشِ لفظ لکھا ہے لائق مترجم نے بڑی حد تک اس راہ کی مشکلات کو سر کر کے اُن پر قابو پا لینے میں کامیابی حاصل کی ہے جو اُن کے لطیف اور رسا ذوقِ سخن کے ساتھ دونوں زبانوں اور اُن کے اسالیبِ بیان میں مہارت کی دلیل ہے۔ پوری کتاب میں ایسے مقامات کم نہیں ہیں جہاں ترجمہ میں اصل کا سا ہی لطف آتا ہے اور بعض نظموں مثلاً "زندہ رود" کا ترجمہ تو ادبی شاہکار کی حیثیت رکھتا ہے کہ انہیں پڑھئے اور جھومتے جائیے۔ مشروع میں بارہ صفحات کا ایک مقدمہ بھی خود مترجم کے قلم سے ہے جو مختصر ہونے کے باوجود اقبال کے فلسفۂ خودی اور انسانیت کی تعمیرِ نو سے متعلق اُن کے افکار پر بڑا فاضلانہ اور بصیرت افروز تبصرہ ہے۔ اس طرح انگریزی داں حضرات کو اقبال کے مطالعہ میں اس کتاب سے بڑی مدد مل سکتی ہے۔

© rasailojaraid.com